نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اہم اجلاس

کپاس کی اگیتی کاشت بارے حتمی پلان مرتب کر کے پیش کیا جائے۔ افتخار علی سہو

لاہور: یکم فروری2026: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اجلاس میں محکمہ زراعت پنجاب کے تحت فیلڈ فارمیشنز کی عملی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس شبیر احمد خاں، ڈائریکٹر جنرلز زراعت عبد الحمید، نوید عصمت کاہلوں اور ڈاکٹر عبد القیوم شریک ہوئے جبکہ پراجیکٹ ڈائریکٹر پی ای ایس پی ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ پنجاب ڈاکٹر عامر رسول اور محکمہ زراعت توسیع کے ڈویژنل ڈائریکٹرز اور ڈپٹی ڈائریکٹرز نے اجلاس میں آن لائن شرکت کی۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ہدایت کی کہ کپاس کی اگیتی کاشت بارے حتمی پلان مرتب کر کے پیش کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کپاس کی اگیتی کاشت کے لیے منتخب شدہ تحصیلوں میں کاشتکاروں کی رجسٹریشن کی جائے اور 5 ایکڑ یا اس سے زائد رقبہ پر کپاس کاشت کرنے والے کاشتکاروں کو رجسٹرڈ کیا جائے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید ہدایت کی کہ کپاس کی اگیتی کاشت 15 فروری سے 31 مارچ تک کرائی جائے تاکہ بہتر نتائج حاصل کیے جا سکیں۔

انہوں نے اجلاس میں گندم کی فصل کی صورتحال بارے جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ گندم کی فصل کے لیے اس مرحلہ پر بہتر نگہداشتی امور سرانجام دیے جائیں۔۔ محکمہ زراعت پنجاب کی فیلڈ فارمیشنز گندم کی فصل میں آبپاشی، کیڑوں اور بیماریوں کے ممکنہ حملہ اور تدارک بارے بروقت رہنمائی فراہم کریں۔ افتخار علی سہو نے مزید کہا کہ فیلڈ فارمیشنز کاشتکاروں کی رہنمائی کے سلسلہ میں جاری عملی سرگرمیوں میں مزید تیزی لائیں۔ انہوں نے کہا کہ گندم کی فصل پورے پنجاب میں بہترین حالت میں کھڑی ہے جبکہ گزشتہ دنوں صوبہ بھر میں ہونے والی بارش کے گندم و دیگر فصلات پر مثبت اثرات مرتب ہوئے ہیں۔

☆☆☆☆